اخبار اُردو قومی یک جہتی نمبر

ادارۃ: ڈاکٹر وحید قریشی اور ان کے معاونین۔ ناشر: مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد۔ پتہ: شمالہ اعوان پلازہ، ۱۶-ڈی (غربی) بلیو ایریا الیف ۶/۱ اسلام آباد قیمت: ۱/- روپیہ، سالانہ دس روپے۔ قیمت بہت ارزاں ہے۔ بڑے سائز کا رسالہ۔ ۴۲ صفحات۔ رنگین ٹائیٹل۔

یہ رسالہ اُردو کے فروغ اور نفاذ کے قیام کے لیے قائم شدہ مشہور ادارے "مقتدرہ قومی زبان" کا ترجمان ہے۔ اس میں قومی زبان کے سلسلے میں احوال و اقعات، دفتری، تعلیمی، عدالتی اور کاروباری ترقیات، نیز عوام اردو کی اہمیت اور اس کے خاص خاص مسائل پر اچھے مقالات شائع ہوتے ہیں۔

قومی یک جہتی نمبر میں ۶ مقامات —— میانوالی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، ایبٹ آباد اور کراچی میں ہونے والے ان مذاکرات کی روئیداد یں چھپی ہیں۔ جن میں قومی یک جہتی کے مسئلے کو قومی زبان اُردو کے حوالے سے زیر بحث لایا گیا۔ بحثوں کے شرکا فاضل اور دانشور لوگ ہیں۔ ان مذاکروں سے پڑھے لکھے طبقوں کے احساسات کا انعکاس بھی ہوتا ہے۔

آخر میں کچھ تبصرے بھی شامل ہیں۔

حرمت — یوم آزادی نمبر

ایڈیٹر زاہد ملک دفتر: علی اکبر ہاؤس، مرکز جی ۸/ اسلام آباد قیمت فی شمارہ ۵/- روپے۔ سالانہ: ۲۱۰/- روپے

یہ جدید طرز کا ہفت روزہ ہے۔ سیاسی احوال کے مختلف پہلو اس کے اوراق میں آتے ہیں۔ قومی نقطۂ نظر غالب ہے۔ دینی جذبہ کی رُوح بھی جھلکتی ہے۔ حرمت نے کچھ اچھی قدروں کا تحفظ کیا ہے۔ اس وقت یوم آزادی نمبر سامنے ہے۔ پاکستان اور نظریہ پاکستان، احوال پاکستان، تحریک آزادی اور اس کا پس منظر ایسے موضوعات ہیں جن پر بہت سے ممتاز اصحاب کے خیالات اس نمبر میں ملیں گے۔ خاص طور سے وہ مذاکرہ بڑا اہم ہے۔ جو فکری انتشار پیدا کرنے کی کوششوں کا تدارک کرنے کے متعلق شامل اشاعت ہے۔ یہ مذاکرہ جو کئی صفحات پر پھیلا ہوا ہے، وقت